گورنر ***KATHY HOCHUL***

فوری ریلیز کے لیے: 2024/26/4

گورنر HOCHUL اور اکثریتی لیڈر SCHUMER نے جینیسی کاؤنٹی میں EDWARDS VACUUM کے 319$ ملین والے سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کارخانے کے تعمیراتی کاموں کے آغاز کا اعلان کر دیا

ڈرائی پمپس کے یہ عالمی تیار کنندہ نیویارک کی سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کو مزید مضبوطی دیں گے، اور فنگر لیکس کے علاقے میں 600 تک ملازمتیں پیدا کریں گے

اس سرمایہ کاری کو گھریلو سیمی کنڈکٹر انڈسٹری سے مہمیز ملی ہے جسکی ترقی کی حوصلہ افزائی Federal CHIPS and Science Law اور نیو یارک کا Green CHIPS Program دونوں ہی کرتے ہیں

یہ منصوبہ "Finger Lakes Forward" کو مزید تقویت دے رہا ہے – جو کمیونٹیز کو نئی زندگی دینے اور معیشت کی ترقی کے لیے خطے کی جامع حکمت عملی ہے

پہلے مرحلے کے خاکے یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul اور امریکی سینیٹ میں اکثریتی لیڈر Charles Schumer نے آج الاباما کے جینیسی کاؤنٹی قصبے میں واقع Edwards Vacuum کے 319$ ملین مالیت والے ویکیوم ڈرائی پمپ بنانے کے کارخانے کے پہلے مرحلے کے تعمیراتی کاموں کی شروعات کا اعلان کیا۔ برطانیہ میں قائم سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں ویکیوم اور تخفیفی آلات بنانے والے یہ عالمی رہنما جو Atlas Copco Group کا جزو ہیں، انہوں نے جینیسی کاؤنٹی میں واقع Western New York Science & Technology Advanced Manufacturing Park کو اپنے نئے 319$ ملین مالیت والے امریکی ڈرائی پمپ مینوفیکچرنگ کارخانے کے مقام کے طور پر منتخب کیا ہے۔ اس نئے کارخانے میں تیار کی جانے والی ٹیکنالوجی سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کے انتہائی حساس ماحول کو کنٹرول کرنے کے لیے ایک اہم ترین جزو ہے۔ نیو یارک ریاست میں سرمایہ کاری کرنے کا Edwards Vacuum کا یہ فیصلہ وفاقی CHIPS and Science Act اور نیویارک کے Green CHIPS قانون کی منظوری اور تکمیلی پروگراموں کے ذریعے نمو پانے والی گھریلو سیمی کنڈکٹر صنعت کی ترقی کے بعد کیا گیا، جس میں Micron کی جانب سے وسطی نیویارک کے لیے 100$ بلین کی بے مثال سرمایہ کاری بھی شامل ہے جس سے تقریباً 50,000 ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع ہے۔

"چونکہ میں خود مغربی نیو یارک میں پلی بڑھی ہوں، چنانچہ میں نے بالائی ریاست نیویارک سے مینوفیکچرنگ کی صنعت کے زوال سے لے کر یہاں سے اسکے مکمل اخراج کا کئی سالوں تک بشم خود مشاہدہ کیا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** شکر ہے کہ اب وہ دن گزر چکے ہیں۔" Edwards Vacuum کے جدید ترین کارخانے کی تعمیرات کا آغاز مغربی نیویارک اور فنگر لیکس دونوں علاقوں کے لیے ایک نئے باب کے ابتدا کا اشارہ دے رہا ہے۔ ریاست نیو یارک میں کارخانہ تعمیر کرنے کا Edwards کا فیصلہ سینکڑوں اچھی تنخواہ والی نوکریاں اور لاکھوں ڈالر کی سرمایہ کاری لا رہا ہے اور ساتھ ہی ہماری گھریلو سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کو مضبوط کرنے میں بھی مدد کر رہا ہے، Micron جیسے سپلائرز کے لیے ترسیل کے اوقات کم کر رہا ہے، کاربن کا اخراج کم کر رہا ہے، اور قومی سلامتی کو تقویت دے رہا ہے۔"

سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Chuck Schumer نے کہا، "آج کا دن مغربی نیو یارک اور فنگر لیکس کے علاقے کے لیے ایک یادگار اور شاندار دن ہے، کیونکہ اس دن Edwards Vacuum نے اپنے $300+ ملین مالیت کے مینوفیکچرنگ پلانٹ کی بنیاد رکھی ہے جس سے ایک اندازے کے مطابق 600 اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا ہوں گی اور نیویارک کی پہلے ہی تیزی سے ترقی کرتی سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کو مزید فروغ ملے گا۔ میرے CHIPS & Science Act کی بدولت، جو بالائی ریاست نیو یارک کے لیے ایک سرمایہ کاری کے بعد دوسری سرمایہ کاری فراہم کرتا رہتا ہے، ہم آج اپنے مصروف ترین I-90 پر واقع ٹیک ہب میں Edwards Vacuum کی بنیادیں رکھ کر اپنے سیمی کنڈکٹر سپر ہائی وے پر ایک اور اسٹاپ شامل کر رہے ہیں۔ میں نے Edwards Vacuum کو نیویارک آنے پر بہت محنت کرکے آمادہ کیا کیونکہ میں جانتا تھا کہ ہمارے پاس اس بڑی کمپنی کی میزبانی کے لیے یہیں جینیسی کاؤنٹی میں وسائل، بنیادی ڈھانچہ، اور سب سے اہم بات یہ کہ عالمی معیار کی افرادی قوت موجود ہے۔ Edwards بعض انتہائی جدید ڈرائی پمپس کے ایک سرکردہ ڈویلپر ہیں جنکی چپ تیار کرنے والے فیبس کے بڑے بڑے کلین رومز میں زندگی کی روح پھونکنے کے لیے اشد ضرورت ہوتی ہے، اور انکی اس سرمایہ کاری سے ہم سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کے سب سے اہم عناصر میں سے ایک کو بالائی ریاست نیو یارک میں لانے میں معاونت کر رہے ہیں۔ یہ میرے CHIPS & Science Law قانون کی ایک اور مثال ہے جسکے ذریعے مینوفیکچرنگ کے شعبے کو امریکہ میں اور خاص طور سے بالائی ریاست نیو یارک میں واپس لایا جا رہا ہے، اور یہ بالائی ریاست نیو یارک میں مینوفیکچرنگ کی نشاۃ ثانیہ کے اگلے باب کا صرف آغاز ہے۔"

Edwards Vacuum کے 240,000 مربع فٹ پر محیط کیمپس کے پہلے مرحلے میں $127 ملین کی تعمیر میں ہر سال 10,000 ڈرائی پمپس تیار کرنے کی صلاحیت کے ساتھ مینوفیکچرنگ، گودام، اور انتظامیہ کی سہولیات بھی شامل ہوں گی۔ یہ مکمل الیکٹرک سہولت LEED سرٹیفیکیشن حاصل کرنے کے لیے بھی بہت لگن سے کوشش کرے گی، جس میں زیادہ تر بجلی پن بجلی کے ذریعے پیدا کی جاتی ہے۔

اپنا کارخانہ امریکہ میں تعمیر کرنے کے لیے Edwards کا یہ فیصلہ Biden انتظامیہ کی جانب سے گھریلو چپس کی تیاری میں اضافہ کرنے کے لیے نمایاں سرمایہ کاریاں کرنے، اور وفاقی چCHIPS and Science Act اور نیویارک کی Green CHIPS قانون سازی کی منظوری کے ساتھ ساتھ شمالی امریکہ میں اپنے صارفین کی مدد کی بڑھتی ہوئی ضرورت کے بعد سامنے آیا ہے۔ Edwards کے ڈرائی پمپس فی الحال ایشیا میں تیار کیے جاتے ہیں۔ اپنی مینوفیکچرنگ کو نیویارک میں لانے سے Edwards کے صارفین - بشمول نیویارک میں Micron اور GlobalFoundries ، اور اوہائیو میں Intel کے انتظار کے وقت میں کمی آئے گی، استفسارات کا جواب دینے کے عمل میں بہتری آئے گی، اور امریکی ساختہ مصنوعات سے CO2 کا مضر اخراج بھی کم ہو جائے گا۔ Edwards کا اندازہ ہے کہ جب پہلا مرحلہ فعال ہو جائے گا، تو یہ CO2 کے اخراج کو سالانہ 13,000 ٹن سے کم کر دے گا۔

Empire State Development نے 600 ملازمتوں کے بدلے کارکردگی پر مبنی Excelsior Jobs Tax Credits اور Investment Tax Credits کے مجموعے کے ذریعے Edwards Vacuum کو $21 ملین تک ایوارڈ کیے ہیں، اور افرادی قوت کی ترقی کی کوششوں اور ایک متنوع اور جامع افرادی قوت کی تربیت کے لئے مزید $1 ملین بھی دیے ہیں۔ مزید برآں، نیو یارک بجلی کی اتھارٹی (New York Power Authority) بھی 4.9 - میگاواٹ (MW) کی کم لاگت والی نیاگرا ہائیڈرو پاور اور 2.1 میگاواٹ کی ہائی لوڈ فیکٹر (High Load Factor) بجلی مختص کرکے جو NYPA انرجی مارکیٹ میں Edwards کے لیے بنائے گی اس منصوبے کی معاونت کر رہی ہے۔ کم لاگت والی نیاگرا ہائیڈرو پاور، چوٹوقوا کاؤنٹی میں پاور اتھارٹی کے نیاگرا پاور پروجیکٹ کے 30 میل کے دائرے میں موجود کمپنیوں یا کاروباری اداروں کے لیے دستیاب ہے۔

Empire State Development کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، " Edwards Vacuum کے نئے کارخانے کی تعمیر کا آغاز اس امر کا اشارہ ہے کہ سینکڑوں اچھی ملازمتیں اور لاکھوں ڈالر کی سرمایہ کاری بالائی ریاست نیویارک کی جانب آ رہی ہے۔ ہم ریاست نیو یارک میں اعلی درجے کی مینوفیکچرنگ اور مضبوط سیمی کنڈکٹر ماحولیاتی نظام بنانے کے لیے ایک عالمی مرکز بننے کی راہ پر گامزن ہونے جا رہے ہیں۔"

New York Power Authority کے صدر اور سی ای او Justin E. Driscoll نے کہا، "کم لاگت والی پن بجلی فراہم کرکے، NYPA جدید ٹیکنالوجی کے مینوفیکچررز کو نیویارک کی جانب راغب کرنے میں ایک اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ Edwards نیو یارک کی عالمی سطح پر تسلیم شدہ سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں ایک کلیدی سپلائی چین پارٹنر ہوں گے اور اس فرم کے اس خطے میں آنے سے معیشت متحرک ہوگی — جس سے سینکڑوں ملازمتیں پیدا ہوں گی اور اربوں کھربوں کی کیپیٹل سرمایہ کاریاں وجود میں آئیں گی۔"

سیمی کنڈکٹرز، اور ان کے سپلائی چین شراکت دار، قوم کی معاشی طاقت کے لیے ضروری ہیں، جدید الیکٹرانکس کے مغز، اور امریکی معاشی ترقی، قومی سلامتی، اور عالمی مسابقت کے لیے ضروری فعالیتی ٹیکنالوجیز کے طور پر کام کرتے ہیں۔ یہ صنعت امریکہ میں 277,000 سے زیادہ لوگوں کو براہ راست ملازمت دیتی ہے اور 1.8 ملین سے زیادہ اضافی مقامی ملازمتوں کی حمایت کرتی ہے۔ سیمی کنڈکٹرز امریکی برآمدات میں سرفہرست پانچ میں سے ایک ہیں، اور صنعت محنت کشوں کی پیداواری صلاحیت میں سرکردہ حصہ دار ہے، جو کاشتکاری سے لے کر مینوفیکچرنگ تک — عملی طور پر ہر اقتصادی شعبے کی تاثیر اور کارکردگی میں بہتری کی معاونت کرتی ہے۔

گورنر Hochul نے یہ امر یقینی بنانے کے لیے اہم قدم اٹھایا ہے کہ نیویارک سیمی کنڈکٹر کی صنعت کی بحالی میں اہم کردار ادا کرے، جس میں نیویارک کا پورے ملک میں مشہور و معروف Green CHIPS پروگرام بھی شامل ہے جو سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کے سرکردہ کاروباروں کو ریاست کی جانب متوجہ کر رہا ہے اور ان سے اچھی تنخواہوں والے ملازمتیں پیدا کرنے، پائیداری، اور کمیونٹی فوائد کے پکے وعدے حاصل کر رہا ہے۔ مزید برآں، گورنر Hochul نے سنہ 2022 میں FAST NY $200 پروگرام بھی تخلیق کیا تھا جسکے ذریعے پوری ریاست میں سائٹس کی تیاری اور ترقی میں مدد مل رہی ہے۔ یہ پروگرام نیو یارک کو تعمیراتی کاموں کے لئے پوری طرح تیار کرنے والے کاموں میں تیزی لانے اور بڑے آجروں مثلاً سیمی کنڈکٹرز اور کلین ٹیک اور ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ کمپنیوں کے لیے ریاست کی کشش بڑھانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ پروگرام کے آغاز کے بعد سے اب تک، ESD بالائی ریاست کے ہر خطے میں 20 سائٹس کو 2,500 ایکڑ سے زیادہ رقبہ تیار کرنے کے لیے $175 ملین دے چکی ہے جس میں سائنس اور ٹیکنالوجی ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ پارک (Science & Technology Advanced Manufacturing Park, STAMP) بھی شامل ہے۔ گورنر Hochul نے (Office of Semiconductor Expansion, Management, and Integration) GO-SEMI بھی قائم کیا جو پوری ریاست میں چپ سازی کے شعبے کو ترقی دینے والی کوششوں کی قیادت کرتا ہے۔

مالی سال 2025 کے نافذ کردہ بجٹ میں، گورنر Hochul نے نیویارک کو سیمی کنڈکٹر ریسرچ اور مینوفیکچرنگ کے عالمی مرکز کے طور پر قائم کرنے کے لئے مختص کردہ وعدوں کو دوگنا کر دیا، بشمول:

- FAST NY پروگرام کے اضافی راؤنڈز کے لیے $100 ملین کی فنڈنگ۔
- $500 ملین NY CREATES کے Albany Nanotech Complex کے لیے، جو $1 بلین کی مجوعی ریاستی سرمایہ کاری کے ساتھ ہیں اور $10 بلین کی وہ پارٹنرشپ شروع کرنے کے لیے ہوں گے جسکے ذریعے ملک کا پہلا اور واحد عوامی ملکیت والا High NA EUV Lithography Center قائم کرکے سیمی کنڈکٹر کی جدید تحقیق کے مستقبل کو نیو یارک کے کیپیٹل ریجن میں لایا جائے گا۔
- (One Network for Regional Advanced Manufacturing Partnerships) ON-RAMP قائم کرنے کے لیے $200 ملین – جو نیو یارک باسیوں کو مستقبل کی ملازمتوں کے لیے تیار کرنے کی خاطر افرادی قوت کی ترقی کے چار نئے مراکز کا نیٹ ورک ہے اور Micron اور Edwards Vacuum جیسی کمپنیوں کے ذریعے تخلیق کیا گیا ہے۔

دو طرفہ CHIPS and Science Act سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کی سہولیات اور سپلائی چین پارٹنرز مثلاً Edwards Vacuum کے لئے اور وفاقی مراعات میں اپنی نوعیت کا پہلا $52 بلین کا Investment Tax Credit بنا رہا ہے جو والا کے لیے سرمایہ کاری ٹیکس کریڈٹ تخلیق کرتا ہے جو Edwards حاصل کرنا چاہ رہا ہے تاکہ امریکی سیمی کنڈکٹر تحقیق، ترقی، مینوفیکچرنگ، اور افرادی قوت کی تربیت کو وسعت دے کر بیرون ملک سے اچھی تنخواہوں والی ملازمتیں واپس لائی جائیں، قومی سلامتی مضبوط کی جائے، اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں

امریکہ کی قائدانہ حیثیت بحال کی جائے۔ یہ بل ان مراعات کے وصول کنندگان کو پابند بناتا ہے کہ وہ کارکنان اور کمیونٹی کے لئے ایسی سرمایہ کاریاں کریں جن سے وسیع البنیاد اقتصادی ترقی کی حمایت ہوتی ہو۔

فنگر لیکس فارورڈ کی رفتار تیز کرتا ہے
آج کا اعلان "فنگر لیکس فارورڈ" کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ مضبوط معاشی ترقی اور علاقائی ترقی کے لیے خطے کی جامع حکمتِ عملی ہے۔ خطہ جاتی سطح پر ڈیزائن کردہ یہ منصوبہ اہم صنعتوں بشمول فوٹونکس، زراعت و غذائی پیداوار، اور جدید مینوفیکچرنگ میں سرمایہ کاری پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا، "میں جینیسی کاؤنٹی میں Edwards Vacuum کے کارخانے کے تعمیراتی کاموں کا آغاز دیکھ کر بہت محسوس کر رہا خوش ہوں، جس سے سینکڑوں اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا ہوں گی اور مغربی نیویارک اور فنگر لیکس دونوں کی معیشتیں ترقی کریں گی۔ اب جبکہ نیویارک سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ میں عالمی رہنما کے طور پر خوب نمو پا رہا ہے، تو Edwards Vacuum کے کارخانے کے تعمیراتی کام تو صرف ایک ابتدا ہیں۔ مجھے فخر ہے کہ میں نے CHIPS and Science Act کو پاس کرنے کے لیے بہت جدوجہد کی تھی جس نے Edwards Vacuum جیسی کمپنیوں کو نیویارک میں توسیع کے لیے بنیاد فراہم کرنے میں مدد کی، اور میں آنے والے سالوں میں اس کارخانے سے خطے میں ہونے والی ترقی کو دیکھنے کا بہت شوق دے منتظر رہوں گا۔"

نمائندے Joe Morelle نے کہا، "یہ شاندار اعلان عالمی سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں ہمارے خطے کی قیادت کا ایک اور منہ بولتا ثبوت ہے۔ Edwards Vacuum کی تعمیر نہ صرف ہماری سپلائی چین کو مضبوط کرے گی اور اچھی تنخواہوں والے ملازمت کے مواقع پیدا کرے گی، بلکہ اس سے ہماری معیشت بھی ترقی کرے گی اور عالمی سطح پر ہماری ساکھ اور قوتِ مسابقت میں اضافہ ہوگا۔ مجھے فخر ہے کہ میں نے CHIPS and Science Act پاس کروا کے اس جیسی سرمایہ کاریوں کو آسان بنانے میں مدد کی، اور میں جدت طرازی کے مرکز کے طور پر اپنی پوزیشن مستحکم کرنے کے لیے اپنا کام جاری رکھنے کا منتظر ہوں۔"

ریاستی سینیٹر George M. Borrello نے کہا، "Edward's Vacuum کا یہ اہم سنگ میل اور اس کے بعد آنے والی سرمایہ کاری، ملازمتیں اور اقتصادی ترقی جینیسی کاؤنٹی کے لیے ایک نئے باب کا آغاز کریں گی اور ٹیک مینوفیکچرنگ کے ایک مرکز کے طور پر اس کی بڑھتی ہوئی حیثیت کو مزید مضبوط کریں گی۔ اس تاریخی لمحے کا راستہ STAMP سائٹ کے لیے ایک عظیم وژن اور سالوں کی منصوبہ بندی، فنڈنگ اور سخت محنت و جدوجہد کے بعد کھلا تھا۔ اسے آگے بڑھانے کے پیچھے یہ پکا یقین چھپا ہوا تھا کہ اس خطے اور اس کی عالمی معیار کی افرادی قوت کے پاس کامیابی کے اجزاء موجود ہیں۔ سچے جذبے سے سرشار مقامی، ریاستی اور وفاقی شراکت داروں کے تعاون نے ہمیں اس تاریخی کامیابی تک پہنچایا ہے اور بالائی ریاست کی تجدید نو اور بحالی کے لیے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی کروائی ہے۔ مستبل لا محدود ہے۔"

رکن اسمبلی Steven Hawley نے کہا، "مجھے آج کا یہ اعلان سن کر بہت خوشی ہوئی کہ Edward's Vacuum اس STAMP میگا سائٹ پر تعمیراتی کام شروع کر رہا ہے۔ اسمبلی کی 139 ویں ڈسٹرکٹ ہمیشہ سے جدت طرازی کا مرکز رہی ہے، اور یہ بالکل موزوں بات ہے کہ یہ نیویارک کی ابھرتی ہوئی سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کے مرکز میں ہو۔ یہ منصوبہ مقامی معیشت کو ترقی دینے، اچھی تنخواہوں والی ملازمتیں پیدا کرنے، اور نیویارک کو اس شعبے میں ایک رہنما بنانے کی جانب صحیح سمت میں ایک اور اہم قدم ہے۔"

جینسی کاؤنٹی کی مجلسِ قانون ساز کی چیئر Shelley Stein نے کہا، "آج کا یہ اعلان Edwards Vacuum جیسی بلند و بالا مرتبے کی حامل کمپنی کو STAMP میگا سائٹ پر لانے میں جینسی کاؤنٹی کے شاندار اوصاف کا ایک اور منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہماری کمیونٹی کو نہ صرف ریاست نیو یارک بلکہ پورے ملک اور پوری دنیا میں ترقی کرتی ہوئی سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کا حصہ بننے پر بجا طور پر فخر کرنا چاہیے۔ جینیسی کاؤنٹی کا محل وقوع، افراد اور بنیادی ڈھانچہ STAMP کو یہاں کے مستقبل کی صنعت کی ترقی کے لیے مثالی جگہ بنا رہا ہے۔ ہم Edwards Vacuum کی مسلسل کامیابی اور ترقی دیکھنے کے منتظر ہیں۔"

ایلاباما ٹاؤن کے سپروائزر Rob Crossen نے کہا، "ہم STAMP میگا سائٹ پر تعمیرات کے آغاز پر Edwards Vacuum کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ STAMP کی ترقی میں یہ تازہ ترین سنگ میل سرمایہ کاریوں کے لیے ہمارے اس مشترکہ وژن کو جاری و ساری رکھ رہا ہے جو معیشت کو بہتر بنانے، اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کو راغب کرنے، اور ہماری کمیونٹی کو ترقی دینے کی بابت ہے۔"

GCEDC کے صدر اور سی ای او Steve Hyde نے کہا، "اب جبکہ ہم اپنی معیشت کو ترقی دینے اور STAMP میگا سائٹ پر خاندانوں کا روزگار برقرار رکھنے والے کیریئرز فراہم کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں، تو ایسے میں Edwards Vacuum، سینیٹر Schumer، اور گورنر Hochul جیسے ساتھیوں کا اپنے ساتھ ہونا بہت اطمینان بخش ہے۔ اس اہم سیمی کنڈکٹر انڈسٹری پروجیکٹ پر تعمیراتی کاموں کا آغاز اس اثر کا عملی مظاہرہ ہے جو STAMP ہماری مشترکہ ریاست اور وفاقی وژن میں سیمی کنڈکٹر اور متعلقہ جدید مینوفیکچرنگ سیکٹرز کو ترقی دینے کے لیے فراہم کرتا ہے۔"

Greater Rochester Enterprise کے صدر اور سی ای او Matt Hurlbutt نے کہا، "اعلی درجے کا ہنر، عالمی معیار کے R&D وسائل، کم لاگت والی ہائیڈرو پاور تک رسائی، اور STAMP میگا سائٹ پر دستیاب انفراسٹرکچر کچھ ایسے اثاثے ہیں جنہوں نے نیو یارک کے گریٹر راچسٹر خطے کو Edwards کی توسیع کے لیے بالکل موزوں مقام بنایا۔ STAMP پر Edwards کا سنگ بنیاد رکھے جانے اور کمپنی کے توسیعی منصوبوں میں اس سنگ میل تک پہنچنے کے لیے GRE (Greater Rochester Enterprise) نے Edwards کے قائدین اور علاقائی اقتصادی ترقی کے اپنے شراکت داروں کے ساتھ جو اہم شراکت داری قائم کی ہے، ہم اس پر بہت خوش اور مطمئن ہیں۔ GRE کا عزم ہے کہ وہ Edwards کے قائدین اور کاروبار، کمیونٹی اور اکیڈمی سے تعلق رکھنے والے کلیدی اسٹیک ہولڈرز کے درمیان رابطوں کو آسان بنا کر اس کمپنی کی معاونت اور حمایت جاری رکھے گی۔ اس مشترکہ کاوش کا مقصد ایک کامیاب ابتدا کو یقینی بنانا اور Edwards، کمیونٹی، اور خطے کے ترقی پذیر جدید مینوفیکچرنگ اور سیمی کنڈکٹر شعبوں کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط کرنا ہے۔ ہم اس توسیع کے ذریعے گریٹر راچسٹر، نیویارک کے خطے پر قائم ہونے والے مثبت اثرات دیکھنے کے منتظر ہیں۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں